# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ جمہوری بھارت کے سیاہ ترین دور یعنی ایمرجنسی کے اعلان کو پچاس سال مکمل۔

☆ شکتی پیٹھ شاہراہ کو ریاستی کابینہ نے دی منظوری۔ پروجیکٹ کی منصوبہ بندی اور حصولِ اراضی کیلئے 20 ہزار کروڑ روپئے مختص۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں تقریباً ڈھائی کلوگرام ایم ڈی پاوڈر کا ذخیرہ ضبط۔

☆ سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی گارماتھا پہاڑ کا مشکل مرحلہ عبور کرکے پنڈھرپور کی طرف گامزن۔

اور۔۔۔☆ بھارتی نیزہ باز نیرج چوپڑا نے اوسٹراوا گولڈن اسپائک مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

جمہوری بھارت کے سیاہ دور کے طور پر مشہور ایمرجنسی کے اعلان کو آج پچاس سال مکمل ہورہے ہیں۔ 25 جون 1975 کو اُس وقت کی وزیر اعظم اندرا گاندھی نے ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پچھلے سال سے ایمرجنسی کے دوران غیر انسانی مظالم کا سامنا کرنے والوں کی یاد میں ''سنویدھان ہتیا دِیوس'' (یعنی قتلِ جمہوریت دِن) کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس حوالے سے آج ایک مختصر جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

**''ایمرجنسی کے دوران شہری آزادیوں کو سلب کرلیا گیا اور ذرائع ابلاغ پر پابندیاں عائد کی گئیں۔ حکومت پر تنقید کرنے والے اخبارات کے اشتہارات پر روک لگا کر ان کی آواز دبادی گئی اور صحافیوں کو اپنے اخبارات بند کرنے اور قید کی سزا بھگتنے پر مجبور کردیا گیا۔**

**اس دورانیہ میں اقتدار کو مرکزی حیثیت دے دی گئی اور جے پرکاش نارائن، لال کرشن اڈوانی، اٹل بہاری واجپائی، مرارجی دیسائی، مدھو ڈنڈوَتے سمیت کئی قائدین کو گرفتار کرلیا گیا۔ حکومت کے اس اقدام کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ اس غیر جمہوری اقدام کے خلاف احتجاج کو دبانے کیلئے لوگوں کو بغیر کسی الزام کے حراست میں لیا گیا اور غیر قانونی طور پر مختلف دفعات عائد کی گئیں۔ مینٹیننس آف انٹرنل سیکورٹی ایکٹ۔MISA اس وقت موضوعِ بحث بنا ہوا تھا۔ ان تمام اقدامات کی وجہ سے ایمرجنسی کا دور آزاد بھارت کا سیاہ ترین دور بن گیا۔**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں اپنے احساس کا اظہار کرتے ہوئے کہا تھا کہ ایمرجنسی کا اعلان بھارتی جمہوریت پر سیاہ داغ ہے۔**

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

4

ایمرجنسی کے دوران کئی سیاسی تحریکیں چلیں، خصوصاً گجرات میں نونرمان تحریک، بہار میں جے پرکاش نارائن تحریک، اور جارج فرنانڈیز کی قیادت میں ریلوے ہڑتال کا خصوصی طور پر ذکر کیا جاتا ہے۔

جارج فرنانڈیز کی ہتھکڑیاں پہنائی اور بیڑیوں میں جکڑ کر اپنے ہاتھ اٹھائے ہوئی تصویر، ایمرجنسی کی سب سے مشہور تصویروں میں سے ایک ہے۔''

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ایمرجنسی ایک کثیر الجماعتی جمہوریت کو ایک فرد کی آمریت میں بدلنے کی سازش تھی۔ گزشتہ روز دہلی میں اس سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ان خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا:

**Byte: Home Minister Amit Shah**

***** ***** *****

ایمرجنسی کی خوفناک یادیں آج بھی بہت سے لوگوں کے ذہنوں میں تازہ ہیں۔ راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے بیڑ ضلع کے اس وقت کے سربراہ پروفیسر شرد ہیباڑ کرنے ان سیاہ یادوں کو تازہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایمرجنسی ختم ہونے تک وہ ناسک جیل میں تھے' انھوں نے کہا کہ یہ جمہوری ملک کا سب سے سیاہ دور تھا' تاہم اس وقت کے کارکنان نے اس کا دلیری سے سامنا کیا اور مکمل نظم وضبط کے ساتھ کھڑے ہو کر حکومت کے اس اقدام کی پُرزور مخالفت کی۔

ایمرجنسی کے دوران مراٹھواڑہ کے مختلف قائدین کے تاثرات وتجربات آج صبح دس بجکر 45 منٹ پر ہمارے مرکز سے نشر ہونے والے پروگرام ''پراسنگک'' میں پیش کیے جائیں گے۔

دریں اثنا، ایمرجنسی کے دور میں انسانی حقوق کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے تمام لوگوں کو آج خراجِ عقیدت پیش کیا جائے گا۔ ساتھ ہی ایمرجنسی کے دوران قید و بند کی صعوبتیں جھیلنے والے کارکنان کا آج حکومت کی جانب سے اعزازی اسناد دیکر استقبال کیا جائے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے صحافتی ایوارڈز کا کل اعلان کیا گیا۔ یہ ایوارڈز ایک لاکھ روپے نقد، ایک مومنٹو اور سپاس نامے پر مشتمل ہیں۔ گزشتہ تین سالوں کے مختلف صحافتی ایوارڈز کا بھی گزشتہ روز اعلان کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ کے کل منعقدہ اجلاس میں شکتی پیٹھ شاہراہ کو منظوری دی گئی۔ کابینہ نے اس منصوبے کے خاکے اور حصول اراضی کیلئے 20 ہزار کروڑ روپے مختص کرنے کو بھی منظوری دی۔ اس اجلاس میں دیگر کئی اہم فیصلے بھی کیے گئے۔ جن میں مہاراشٹر شہری بنیادی ترقیات اسکیم کے تحت HUDCO کے ذریعہ لیے جانے والے دو ہزار کروڑ روپے کے قرض کیلئے سرکاری ضمانت فراہم کرنے اور اس کیلئے ضمانتی فیس معاف کرنے کے فیصلے سمیت چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے آبرسانی منصوبے کیلئے 822 کروڑ 22 لاکھ روپے کا مطالبہ بھی شامل ہے۔

کابینہ نے گزشتہ روز قبائلی سرکاری ہاسٹلز میں طالب علموں کے گزارہ بھتے، تعلیمی سامان کی خریداری کے اخراجات اور طعام بھتے میں اضافہ کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔

وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے وزیرِاعلیٰ شمسی توانائی منصوبے کے دوسرے مرحلے کے تحت ایک ہزار 71 میگاواٹ کی صلاحیت والے شمسی توانائی کے منصوبے کے کام جلد ہی شروع کرنے اور اس منصوبے سے ریاست کے تین لاکھ کسانوں کو مستفید کرنے کا بھی اعلان کیا۔ 4

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں پولیس کے منشیات روک تھام دستے نے تقریباً ڈھائی کلوگرام ایم ڈی پاؤڈر کا ذخیرہ ضبط کیا ہے۔ یہ کارروائی صنعتی علاقے والوج میں منصوبہ بنا کر کی گئی، اس دوران پولس نے دو مال بردار گاڑیوں سمیت مجموعی طور پر ایک کروڑ 43 لاکھ 65 ہزار روپے مالیت کا سامان ضبط کر کے تین ملزمان کو گرفتار کیا۔

***** ***** *****

سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی نے کل سب سے مشکل سمجھے جانے والے بیڑ ضلع کے گارماتھا پہاڑ کو عبور کیا۔ ہٹکرواڑی کے ساکنان نے توپوں کی سلامی دیکر پالکی کا استقبال کیا۔ ہمارے نمائندے کی اطلاع کے مطابق ہٹکرواڑی کے نوجوان اس سنگِ میل کو عبور کرنے کیلئے ہر سال کی طرح ممبئی سے یہاں پہنچے تھے۔

دریں اثنا، آشاڑھی واری کیلئے لاتور ضلعے سے پنڈھرپور جانے اور آنے والے وارکریوں کی چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کو 10 جولائی تک ٹول ٹیکس سے استثنیٰ دے دیا گیا ہے۔ اس کیلئے ٹول رعایت کا اجازت نامہ لاتور میں علاقائی ٹرانسپورٹ آفیسر کے دفتر سے دستیاب کروایا جارہا ہے۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے ہدایت دی ہے کہ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں کسانوں کو فصل قرضوں کی بروقت دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے دیہی سطح پر فصل قرض سے متعلق کیمپ منعقد کیے جائیں۔ گزشتہ روز مختلف بینکوں کے حکام کے اجلاس میں انہوں نے یہ ہدایات دیں۔

***** ***** *****

بھارتی نیزہ باز کھلاڑی نیرج چوپڑا نے اوسٹراوا گولڈن اسپائک ٹورنامنٹ میں طلائی تمغہ جیتا ہے۔ نیرج نے 85 اعشاریہ دو نو میٹر کی دوری پر بھالا پھینک کر یہ اعزاز اپنے نام کیا، نیرج نے گزشتہ ہفتے پیرس میں منعقدہ ڈائمنڈ لیگ ٹورنامنٹ میں بھی طلائی تمغہ جیتا تھا۔

***** ***** *****

کرکٹ: انگلینڈ نے لیڈز ٹیسٹ کرکٹ میچ پانچ وکٹوں سے جیت لیا ہے۔ بھارت کی جانب سے مقررہ کردہ 371 رنز کا ہدف میزبان ٹیم نے پانچ وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ انگلینڈ کی جانب سے 149 رنز بنانے والے سلامی بلّے باز بین ڈکیٹ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اس سیریز کا دوسرا میچ آئندہ 2 جولائی سے کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

لاتور شہر میں گزشتہ دو سال سے غیر قانونی طور پر چلائے جارہے نارائنا ای ٹیکنو اسکول کو محکمہ تعلیم نے بند کردیا ہے۔ یہ اسکول محکمہ تعلیم سے کوئی بھی منظوری حاصل کیے بغیر چلایا جارہا تھا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع اور سیشن عدالت میں کل طبی جانچ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس طبّی کیمپ کو عوام کا زبردست ردعمل ملنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے آئندہ دو دنوں میں کوکن سمیت نندوربار ضلع کیلئے بارش کا آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔ جبکہ ناسک اور پونے اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ دیا گیا ہے۔ دریں اثنا، ناسک ضلع کے گنگاپور آبی پشتے سے پانی کے اخراج میں کمی کردی گئی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ جمہوری بھارت کے سیاہ ترین دور یعنی ایمرجنسی کے اعلان کو پچاس سال مکمل۔

☆ شکتی پیٹھ شاہراہ کو ریاستی کابینہ نے دی منظوری۔ پروجیکٹ کی منصوبہ بندی اور حصولِ اراضی کیلئے 20 ہزار کروڑ روپئے مختص۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں تقریباً ڈھائی کلوگرام ایم ڈی پاؤڈر کا ذخیرہ ضبط۔

☆ سنت ایکناتھ مہاراج کی پالکی گار ماتھا پہاڑ کا مشکل مرحلہ عبور کرکے پنڈھرپور کی طرف گامزن۔

اور۔۔۔☆ بھارتی نیزہ باز نیرج چوپڑا نے اوسٹراوا گولڈن اسپائک مقابلے میں طلائی تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****